شریعہ آڈٹ رپورٹ

برائے

31/12/2023

1. *Pob Eye Hospital - Gulistan e Jahor (Head Office)*
2. *Pob Eye Hospital - Adam Jee Unit*
3. *Pob Eye Hospital - Sakeena Noor Unit - Husainabaad*
4. *Muhammad Rafique Unit - Surjani Town*

☎ +92 322 2671867 | www.alhamdshariahadvisory.com | info@alhamdshariahadvisory.com

Date: January 22, 2024

الحمد لله رب العلمين والصلاة والسلام على سيد الانبياء والمرسلين محمد النبي الامي وعلى آله وأصحابه اجمعين، وبعدا

تعارف

ہم نے کراچی میں واقع Prevention of Blindness Trust کے زیر انتظام درج ذیل اداروں کے نظام زکوۃ کا شریعہ آڈٹ کیا ہے:

1. *Pob Eye Hospital - Gulistan e Jahor (Head Office)*
2. *Pob Eye Hospital - Adam Jee Unit*
3. *Pob Eye Hospital - Sakeena Noor Unit - Husainabaad*
4. *Muhammad Rafique Unit - Surjani Town*

اس رپورٹ کا مقصد ہسپتال میں زکوۃ کے حوالے سے تجویز کردہ شرعی طریقہ کار کے مطابق عمل ہونے یا ہونے کے بارے میں ہمارا نقطہ نظر پیش کرنا ہے۔

یہ آڈٹ رپورٹ 31 دسمبر 2023 تک کے معاملات کا جائزہ لے کر تیار کی گئی ہے۔

آڈٹ کا مقصد:

شریعہ آڈٹ کا مقصد ان باتوں کو یقینی بنانا ہے کہ:

1۔ زکوۃ کے معاملات پر بہترین انداز میں شرعی نگرانی کی جارہی ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی بڑی کمزوری / کوتاہی نہیں ہے۔
2۔ ہسپتال کی اختیار کردہ پالیسیاں اور طریقہ کار شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔
3۔ ہسپتال کی تمام متعلقہ کارروائیاں، دستاویزات اور متعلقہ فیصلے شریعت کے مطابق کیے جاتے ہیں۔
4۔ ہسپتال میں کیے جانے والے بینکنگ سے متعلق معاملات اور سرمایہ کاری (اگر کوئی ہے) شریعت کے مطابق ہیں۔

آڈٹ کا دائرہ کار:

شریعہ آڈٹ کے دائرہ کار میں درج ذیل امور کو بغور جانچا گیا ہے:

1. زکوۃ کا فارم کا نمونہ شرعا درست ہے اور زکوۃ کے فارم پر تمام مستحقین کے دستخط موجود ہیں۔
2. زکوۃ کے اہل مریضوں / مستحقین کو مستحق زکوۃ ہونے یا نہ ہونے سے متعلق جانچنے کا طریقہ کار موجود ہے۔
3. وکالت نامہ کا نمونہ شرعا درست ہے اور مکمل پابندی کے ساتھ وکالت نامہ سے متعلق تمام امور کا خیال رکھتے ہوئے مستحقین افراد سے صحیح طریقہ سے دستخط کروائے جارہے ہیں۔
4. زکوۃ کے تمام اخراجات شرعی مشیر کے ذریعے منظور کیے جاتے ہیں۔
5. زکوۃ کی سرمایہ کاری (اگر کوئی ہو) شریعت کے مطابق کی جاتی ہے۔
6. زکوۃ کے فنڈز دوسرے عطیات سے الگ رکھے جاتے ہیں۔

7. زکوۃ کے طریقہ کار کے حوالے سے عملے کو تربیت دی جاتی ہے۔
8. شریعہ ایڈوائزر کی رپورٹ اور سفارشات پر عمل ہوتا ہے۔
9. سید، ہاشمی، عباسی اور غیر مسلم مریضوں کے لیے طریقہ کار واضح ہے۔
10. اسی طرح دیگر متعلقہ معاملات۔

شریعہ آڈٹ کا مجموعی مقصد زکوۃ کی وصولی اور شرعی طریقہ کار کے مطابق اس کے خرچ کے انتظام کی یقین دہانی کرنا ہے۔

انجام دیے گئے امور

ہسپتال کے زکوۃ کے نظام کا شریعہ آڈٹ، شرعی اصولوں اور "شریعہ آڈٹ طریقہ کار" کے مطابق کیا گیا۔ زکوۃ فارم اور وکالت نامے کو ملاحظہ کیا گیا، سابقہ فائلیں اور دستاویزات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

مشاہدات:

زکوۃ فارم اور وکالت نامے کو ملاحظہ کیا گیا، سابقہ فائلیں اور دستاویزات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ماشاء اللہ ہسپتال کا ریکارڈ کافی مرتب ہے اور ہسپتال کا مجموعی نظام اور لوگوں کے لیے علاج کی سہولیات قابل تعریف ہیں۔ ضرورت مند لوگوں کا بڑے پیمانے پر بلا معاوضہ معیاری علاج اور طریقہ کار دیکھ کر مسرت ہوئی۔

آڈٹ کے دوران ایسا کوئی مشاہدہ نہیں ہوا جو خلاف شریعت ہو۔ ہمارے علم کے مطابق زکوۃ کی وصولی اور شرعی طریقہ کار کے مطابق اس کے خرچ کا انتظام مجموعی اعتبار سے قابل اطمینان ہے۔

مقررہ شریعہ ایڈوائزر جناب مولانا مفتی محمود الحسن صاحب زکوۃ کی تملیک کے نظام اور شرعی مسائل سے بخوبی واقف ہیں اور محنت سے کام کر رہے ہیں، ان کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو مزید ترقیوں سے نوازیں اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

آڈٹ کا نتیجہ

31 دسمبر 2023 تک کے معاملات کی انٹرنل شریعہ آڈٹ کی بنیاد پر اور ہماری بہترین معلومات کے مطابق، یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ 2023 میں جو زکوۃ خرچ ہوئی ہے وہ شریعہ کمپلائنٹ طریقے سے شریعہ کے تمام تقاضوں کے مطابق خرچ ہوئی ہے۔

الحمد شریعہ ایڈوائزری سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لیے اور اس کی جانب سے

مفتی محمد ابراہیم عیسی	مولانا محمد عبد اللہ	مولانا وقاص
چیف ایگزیکٹو آفیسر	شریعہ آڈیٹر	شریعہ آڈیٹر
الحمد شریعہ ایڈوائزری سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ		

Shariah Audit Report

31/12/2023

1. *Pob Eye Hospital - Gulistan e Jahor (Head Office)*
2. *Pob Eye Hospital - Adam Jee Unit*
3. *Pob Eye Hospital - Sakeena Noor Unit - Husainabaad*
4. *Muhammad Rafique Unit - Surjani Town*

☎ +92 322 2671867 | www.alhamdshariahadvisory.com | info@alhamdshariahadvisory.com

Date: January 22, 2024

الحمد لله رب العلمين والصلاة والسلام على سيد الانبياء والمرسلين محمد النبي الامي وعلى آله وأصحابه اجمعين، وبعدا

INTRODUCTION

We have conducted a Shariah audit of the Zakat system of the "Prevention of Blindness Trust" under the management of

1. Pob Eye Hospital - Gulistan e Jahor (Head Office)
2. Pob Eye Hospital - Adam Jee Unit
3. Pob Eye Hospital - Sakeena Noor Unit - Husainabaad
4. Muhammad Rafique Unit - Surjani Town

The purpose of this report is to present our view on whether or not the prescribed Shariah procedure regarding Zakat in a hospital is followed.

This report covers the period ended Dec 31, 2023.

AUDIT OBJECTIVE:

The purpose of a Shariah audit is to ensure that:

1. Zakat matters are being monitored in the best possible way and there is no major weakness / omission in it.
2. The policies and procedures adopted by the hospital are in accordance with Shariah principles.
3. All the relevant operations, documents and related decisions of the hospital are made in accordance with Shariah.
4. Hospital banking matters and investments (if any) are in accordance with Shariah.

AUDIT SCOPE:

The following matters have been carefully examined in the scope of Shariah Audit:

1. The model of Zakat form is valid according to Shariah and the signatures of all deserving persons are present on the Zakat forms.
2. There is a procedure to check whether the patients / beneficiaries who are eligible for Zakat are entitled or not.
3. The model of Wakalat Nama is valid according to Shariah and with full restraint, taking care of all the matters related to Wakalat Nama, it is being properly signed by the deserving persons.
4. All the expenses of Zakat are approved by the Shariah Advisor.
5. The investment of Zakat (if any) is made according to Shariah.
6. Zakat funds are kept separate from other donations.
7. The staff is trained on the procedure of Zakat.
8. The report and recommendations of the Shariah Advisor are followed.

9. The procedure is clear for Syed, Hashmi, Abbasi and non-Muslim patients.
10. Similarly other related matters.

The overall purpose of a Shariah audit is to ensure the collection of Zakat and the management of its expenditure in accordance with the Shariah procedure.

WORK PERFOMED

The Shariah audit of the hospital's Zakat system was carried out in accordance with the "Shariah Principles" and "Shariah Audit Procedure".

Zakat forms and Wakalat Nama were reviewed, previous files and documents were also reviewed.

OBSERVATION

Zakat forms and Wakalat Nama were reviewed, previous files and documents were also reviewed. MashaAllah Hospital's record is well compiled and the overall hospital system and treatment facilities for the people are commendable. Pleased to see a large number of people in need receiving free standard treatment and procedures.

No observations were made during the audit which were against the Shariah. To the best of our knowledge, the collection of Zakat and the management of its expenditure according to the Shariah method is generally satisfactory.

The Shariah Advisor, Mufti Mahmood Al Hassan Sahib is well acquainted with the system of Zakat attribution and Shariah issues and is working hard. His services are commendable. May Allah bless this institution with further development and empower it to serve more and more people.

AUDIT CONCLUSION

Based on the internal Shariah audit of matters up to 31st December 2023 and to the best of our knowledge, it is confirmed that the Zakat spent in 2023 has been spent in a Shariah compliant manner in accordance with all the requirements of Shariah.

For and on behalf of Alhamd Shariah Advisory Services Pvt. Ltd

Mufti Ibrahim Essa
Chief Executive Officer

Molana Muhammad Abdullah
Shariah Auditor

Molana Waqas
Shariah Auditor

+92 322 2671867 | www.alhamdshariahadvisory.com | info@alhamdshariahadvisory.com